37840- حیض سے قبل مٹیالے رنگ کا مادہ

سوال

میں مانع حمل ٹیوب کرتی ہوں اسی لیے ماہواری کے خون سے تین یوم قبل مٹیالے رنگ کا مادہ آتا ہے توکیا اس وجہ سے روزہ فاسد ہوجائے گا اور مجھے اس کی قضاء کرنی ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

اگر تو یہ مٹیالے رنگ کا مادہ حیض کی ابتدائی علامات میں سے ہو تو یہ حیض ہی ہوگا ، اوراس کی پہچان درد تکلیف اوراینٹھن سے ہوگی جوکہ حائضہ کوعادتا ہوتی ہے ، اور حیض کے بعد آنے والا مٹیالے رنگ کا پانی ختم ہونے کا انتظار کرنا چاہیے ، کیونکہ حیض سے متصل مٹیالے رنگ کا پانی حیض ہی ہے کیونکہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کہتی ہیں :

(جلدی نہ کرو حتی کہ تم سفیدی دیکھ لو) دیکھیں رسالۃ الدماء الطبیعیۃ (59) ۔

لھذا اس بنا پر اگر آپ کو یہ پتہ چلے کہ یہ مٹیالے رنگ کا مادہ حیض کی علامات میں سے ہے تو یہ حیض ہی شمار ہوگا اس بنا پر آپ نماز روزہ ترک کریں گی ، اور بعد میں روزوں کی قضاء بھی کرنا ہوگی ۔

واللہ اعلم .